8

تقسیم پذیری

آیئے ذرا یاد کریں۔

- تقسیم پذیری کی 2 کی کسوٹی، 5 کی کسوٹی اور 10 کی کسوٹی لکھیے۔
- ذیل کے اعداد پڑھیے۔ ان میں سے کون سے اعداد 2 سے، 5 سے یا 10 سے تقسیم پذیر ہیں۔ انھیں پہچان کر خالی چوکونوں میں لکھیے۔

125, 364, 475, 750, 800, 628, 206, 508, 7009, 5345, 8710

2 سے تقسیم پذیر	5 سے تقسیم پذیر	10 سے تقسیم پذیر

آیئے سمجھ لیں۔

تقسیم پذیری کی کسوٹیاں

آیئے مزید کچھ کسوٹیوں کا مطالعہ کریں۔

ذیل کی جدول مکمل کیجیے۔

عدد	عدد کے ہندسوں کی جمع کتنی ہے؟	کیا جمع 3 سے تقسیم ہوتی ہے؟	کیا دیا ہوا عدد 3 سے تقسیم پذیر ہے؟
63	6 + 3 = 9	✓	✓
872	17	×	×
91			
552			
9336			
4527			

اس بناء پر کیا نتیجہ اخذ کیا جائے گا۔

یہ میری سمجھ میں آ گیا۔

3 سے تقسیم پذیری کی کسوٹی : اگر کسی عدد کے ہندسوں کی جمع 3 سے پورا پورا تقسیم ہوتی ہو، تب وہ عدد 3 سے تقسیم پذیر ہوتا ہے۔

آئیے سمجھ لیں۔

ذیل کی جدول مکمل کیجیے۔

کیا بننے والا عدد 4 سے تقسیم پذیر ہے؟	دہائی اور اکائی کے مقام کے ہندسوں سے بننے والا عدد	دیے ہوئے عدد کو 4 سے تقسیم کر کے دیکھیے۔ کیا وہ پورا تقسیم ہوتا ہے؟	عدد
✓	92	✓	992
			7314
			6448
			8116
			7773
			3024

اس سے کیا نتیجہ اخذ کیا جا سکتا ہے؟

یہ میری سمجھ میں آ گیا۔

4 سے تقسیم پذیری کی کسوٹی : اگر کسی عدد کے دہائی اور اکائی کے مقام سے بننے والا عدد 4 سے پورا پورا تقسیم ہوتا ہے، تب وہ عدد 4 سے تقسیم پذیر ہوتا ہے۔

آئیے سمجھ لیں۔

ذیل کی جدول مکمل کیجیے۔

کیا جمع 9 سے تقسیم پذیر ہے؟	عدد کے ہندسوں کی جمع	دیے ہوئے عدد کو 9 سے تقسیم کر کے دیکھیے کیا وہ پورا تقسیم ہوتا ہے؟	عدد
✓	$1 + 9 + 8 + 0 = 18$	✓	1980
×	29	×	2999
			5004
			13389
			7578
			69993

اس سے کیا نتیجہ اخذ کیا جا سکتا ہے؟

یہ میری سمجھ میں آ گیا۔

9 سے تقسیم پذیری کی کسوٹی : اگر کسی عدد کے ہندسوں کی جمع 9 سے پورا پورا تقسیم ہوتا ہو تب وہ عدد 9 سے تقسیم پذیر ہوتا ہے۔

مشقی سیٹ 22

- ایک باغ میں پھول کے 16 پودے ہیں۔ ہر پودے پر ایک ہی عدد والے کئی پھول ہیں۔ تین طالب علم بانس کی ٹوکری لے کر پھول توڑنے کے لیے گئے۔ بانس کی ٹوکری پر 3، 4، 9 میں سے کوئی ایک عدد لکھا ہے۔ ہر طالب علم اپنی ٹوکری پر لکھے ہوئے عدد سے تقسیم پذیر عدد (یعنی ضعف عدد) والے پھول توڑتا ہے۔ ایک پودے سے وہ صرف ایک ہی پھول توڑتا ہے۔ ذرا بتائیے تو ہر ٹوکری میں کن عددوں میں پھول ہوں گے؟